[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 6628** **L**

Unique Paper Code : 2145001005

Name of the Paper : Study of Urdu Prose-I

Name of the Course : **GE : Urdu**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

زمانے نے خلوص دلوں سے مٹا دیا ہے۔ سچی محبت کی جگہ ظاہر داری نے لے لی ہے۔ نہ اب جینے میں کوئی سچے دل سے کسی کا ساتھ دیتا ہے اور نہ مرنے کے بعد قبر تک دلی درد کے ساتھ جاتا ہے۔ غرض دنیاداری ہی دنیاداری رہ گئی ہے۔ پہلے کوئی ہمسایہ بھی مرتا تھا تو ایسا رنج ہوتا تھا گویا اپنا عزیز مر گیا ہو۔ اب کوئی اپنا بھی مر جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ غیر مر گیا۔ جنازے کے ساتھ جانا اب رسماً رہ گیا ہے۔ صرف اس لیے چلے جاتے ہیں کہ یہ نہ کہیں کہ "واہ جیتے جی تو دوستی و محبت کا یہ دم بھرا جاتا تھا مرنے کے بعد پھر کر بھی نہ دیکھا کہ کون مر گیا۔" اب رہی دل کی حالت تو اس کا بس خدا ہی مالک ہے۔ آیئے میرے ساتھ آیئے آج کل کی میّتوں کا رنگ بھی دیکھا دوں۔

*P.T.O.*

(ب)

ایک پیر مرد کہ نہایت معزز و محترم معلوم ہوتا تھا دردِ قولنج سے جان بلب تھا اور لاولدی کے سبب سے اپنے مال و املاک کے لئے ایک وارث چاہتا تھا، اس نے دردِ مذکور پھینک کر، ایک خوبصورت نوجوان لڑکے کو لیا، مگر لڑکے نابکار کو نافرمانی اور سرشوری کے سبب سے دق ہو کر اس کے باپ نے چھوڑ دیا تھا، چنانچہ اس نالائق نوجوان نے آتے ہی جھٹ بڈھے کی داڑھی پکڑ لی اور سر توڑنے کو تیار ہوا۔ اتفاقاً برابر ہی لڑکے کا حقیقی باپ نظر آیا کہ اب وہ دردِ قولنج کے مارے لگا تھا چنانچہ بڈھے نے اس سے کہا کہ برائے خدا میرا وہ ہے۔ مگر مشکل یہ ہوئی کہ یہ مبادلہ اب پھر نہ سکتا تھا۔

۲۔ اردو میں نثر نگاری کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

۳۔ اردو میں افسانہ نگاری کی روایت پر بحث کیجیے۔

۴۔ اردو میں مضمون نگاری کے فن پر اظہارِ خیال کیجیے۔

۵۔ پریم چند کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۶۔ افسانہ ”نیا قانون“ کا خلاصہ لکھیے۔

۷۔ محمد حسین آزاد کی نثر نگاری کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

۸۔ سرسید کی نثر نگاری کا جائزہ لیجیے۔